SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

May 11, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی کے زیرِاہتمام کمپنی رجسٹریشن پر سیمینار

اسلام آباد: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے کارپوریٹائزیشن کی مہم کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے تحت کمپنیوں کی تشکیل اور رجسٹریشن کے بعد کے قانونی تقاضوں پر آگہی کے لئے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاونٹنٹ کے تعاون سے آئی کیپ ہاوس لاہور میں ایک سیمینار منعقد کیا۔ وکلاء، اکاؤنٹنٹس اور کاروباری ماہرین کی بڑی تعداد نے اس سیمینار میں شرکت کی۔

ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن دفتر لاہور سے جائنٹ رجسٹرار سدرہ منصور نے کارپوریٹائزیشن اور کارپوریٹ کمپلائنس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں ایس ای سی پی کی جانب سے کارپوریٹائزیشن کے فروغ اور کارپوریٹ کمپلائنس کی مد میں کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں شرکاء کو بتایا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی کی جانب سے فراہم کی جانے والے خدمات کو مزید کار گزار بنانے کے لئے شرکاء اپنی قیمتی آراء سے آگاہ کریں۔ ایڈیشنل رجسٹرار شہباز سرور نے ای انکارپوریشن، کمپنیز (انکارپوریشن) ضوابط ۲۰۱۷ اور کمپنیز ایکٹ کے متعلقہ احکامات پر مختصراً روشنی ڈالی۔

اس موقع پر آئی کیپ کے ناردن ریجن کی کمیٹی کے چیئر مین اسد فیروز نے کارپوریٹ سیکٹر کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کے اقدامات کی تعریف کی اور ایسے آگہی سیمینار باقاعدگی سے منعقد کئے جانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریٹ سیکٹر کے اعلیٰ ترین ریگولیٹر کی حیثیت سے ، ایس ای سی پی نے ہمیشہ پیشہ ورانہ اور تجارتی انجمنوں کے ساتھ روابط برقرار رکھے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ دیگر پیشہ ورانہ اور تجارتی تنظیموں کے تعاون سے

ایسے مزید سیمینار اور ورکشاپوں کا انعقاد کیا جاتا رہے گا۔ سیمینار کے آخر میں سوال وجواب کی نشست کے دوران شرکا نے اپنی قیمتی آراء بھی ایس ای سی پی کے گوش گزار کیں۔